# قبرستان میں سلام کے الفاظ

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

قبرستان میں داخل ہو کر کن الفاظ کے ساتھ سلام کریں ؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

قبرستان میں مردوں کو ان الفاظ کے ساتھ سلام کرنا چاہیے :

"السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْقُبُورِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ أَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْأَثَر." ترجمہ : اے قبر والو! تم پر سلام ہو اللہ (عزوجل) تمہاری اور ہماری مغفرت فرمائے، تم ہم سے پہلے آ گئے اور ہم تمہارے بعد آنے والے ہیں۔

حضرت عبد اللہ بن عباس سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں قبروں کے پاس سے گزرے تو ان کی طرف منہ کر کے فرمایا : "السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْقُبُورِ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ أَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْأَثَر" ترجمہ : اے قبر والو! تم پر سلام ہو اللہ (عزوجل) تمہاری اور ہماری مغفرت فرمائے، تم ہم سے پہلے آ گئے اور ہم تمہارے بعد آنے والے ہیں۔ (سنن الترمذی، جلد 3، صفحہ 360، حدیث : 1053، مطبوعہ مصر)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتویٰ نمبر : WAT-4048

تاریخ اجراء : 26 محرم الحرام 1447ھ / 22 جولائی 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
darulifta ahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net